نہ غافل رہو اونسی ہرگز کبہی
تمہین ایکدن وہ دکہا مینگی زور
مبادا کرین سرکشی سو بسو
تعاقب مین جا اونکی اے نامجو
تعاقب مین اون سرکشونکو گیا
گئی ساتہہ اوسکی پس اشقیا

کیا ایک منزل سے جاکر مقام — خبر کی تجسس مین وہ نیکنام
گئی تین دن جب آئے وہان گذر — علی مرتضیٰ کو ملی یہ خبر
کہ حارث گہنسا جا بیابان مین — وہ ٹہرا ہی جاکر کہستان مین
لکہا زیاد کو جابیابان مین تو — ہوا اون اشقیا سے وہان زجر جو
ولی او لگا پند اور وعظ سے — ہدایت اونہین کچہو ہوای نیک سے
نہوا اونکو گر پند کچہہ سودمند — اونہین کچہو تلوار سے دردمند
روانہ ہوا زیاد با ہمرہان — خوارج کی جہہ تجسس کنان
بہت اونکو ڈہونڈہا بیابان مین — بصحرا و دشت و کہستان مین
مدارا مین جاکر اونہین پا لیا — جو ایک گانو چہوٹا سا تہا نشان گم
لڑائی پر آمادہ پایا اونہین — ہدایت کا رستہ دکہایا اونہین
نہ آئی نصیحت سے وہ راہ پر — ہوا پند سے کچہہ نہ اونکو اثر
مقابل ہوی زیاد کی خارجی — لڑی اون سے بیکار مردانگی
دو جانب سے شمشیر بازی ہوی — دلیرانہ ایک ترکتازی ہوی
ملا وقت تہوڑا اونہین جنگ کا — ہوئی عصر سے جنگ کی ابتدا
رکی جنگ سے ہو گئی جب کہ شام — کیا دو نو لشکر نے شب کو مقام
پس از نصف شب حارث بدگہر — پہرا ہی ہمرہان پر رستہ پر
لیا راہ بصرا و سنی اہواز کی — وہان جاکے ٹہرا مع اشقیا

گیا بھاگ در ملے کہار میں — نہ ٹھہرا وہ میدان جنگ میں
گیا بھاگ جب حارث نامراد — تو ہمراہ اہل یقین کے تھے زیاد
ہوا واپس اور بصرہ آیا چلا — لکھا حال حارث کے پیکار کا
علی مرتضے سرور دین کو — بزرگ و نکو رسم و آئین کو
شہ دین کو جب خبر یہہ ہوی — کہ اہواز پہونچا ہی حارث شقی
اونہوں نے بل معقل قیس کو — روانہ کیا سمت اہواز کو
لیے اوسکے ہمراہ میں دو ہزار — دلیران آمادہ کارزار
لکھا اسطرح ابن عباس کو — کہ اے عامل بصرہ فرخندہ خو
تو مردان کار آزما دس ہزار — لی یاری معقل نامدار
روانہ کرائے نا مجوز و دتر — تو اوسنے بحکم شہ نامور
کیا خالد نامور کو روان — بہمراہ بارہ ہزار از یلان
شہ دین کو ایسی ملی پھر خبر — کہ فارس میں پیدا ہوا شور و شر
وہاں کا جو عامل تھا سہل حزین — نکالا گیا وہ ازان سرزمین
علی نے لکھا ابن عباس کو — کہ فارس روانہ کرو زیاد کو
روانہ ہوا زیاد با مومنان — بسر کوبی یار سے سرکشان
کہستان اہواز میں آیا جب — بل معقل قیس عالی نسب
تو حارث کو پایا بفر و شکوہ — بہت سا تھہ میں اوسکی دیکھا گروہ

بہت مرد دیہات اہو اوسکے
مقابل ہوا زیاد کے وہ لعین
ہوئے حملہ آور وہ دونو سیاہ
جبیب ایک مردنکو کا رہتا
جدا ہو گروہ قوم سے اپنی سب
عقیدہ بد اپنے وہ توبہ کر
وہ تہا اس لڑائی مین ہمراہ زیاد
غرض اوسنے حارث کو پہچانکر
کیا نیزہ کا اوسکے سینہ پہ وار
کیا تن سے پہر اسکے سر کو جدا
کہا حالت جنگ مین یون پکار
خوارج نے سن اوسکی آواز کو
لڑائی سے وہ بہاگ گئے منہ موڑ کر
مسلمانون کی اونکا پیچھا کیا
جو یہ حال دیکھا یل زیاد نے
کہ جو کوئی تم مین چاہے امان
جو تھے او نہین ترسا و مرتد تمام

تھی ہمراہ جو اوسنے بہکا دیا
مسلح بہ پیکار از راہ کین
لڑے سخت میدان مین کینہ خواہ
خوارج کا ہم قوم وہم کار تہا
چلا آیا تہا نزد میر عرب
ہوا دین مین داخل تہا وہ بلا
وہ حارث سے رکہتا تہا بغض و عناد
ہوا اوس سے میدان مین جان نثار
سنان کو کمر سے کیا اوسکے پار
سر کشتہ نیزہ کے اوپر رکہا
لیا مینے حارث لعین کو ہے مار
کیا اپنے سے خالی میدان کو
سب اسباب اپنا وہان چھوڑ کر
سر ونکو کیا اونکو تن سے جدا
کہا بہا گتونکو یہ آواز سے
چلا آوے نیچے علم کے یہان
چلے آئے جہنڈے تلے خاص و عام

نہ آیا خوارج میں سے کوئی مرد ❊ ہوئے قتل وہ سب بجائے نبرد

ہوا زیاد اس فتح سے کامگار ❊ بعون خداوند پروردگار

پس از جنگ مقتل گیا کوفہ کو ❊ حضور امیر عرب نیکخو

گیا زیاد فارس کو با مومنان ❊ بہت کرکے یلغار پہونچا وہان

جو تہے فارسی از صغیر و کبیر ❊ ہوئے سب کے سب اوسکے فرمان پذیر

خراج اوسنے اوس ملک کا سب لیا ❊ نہ خونریزی خلق رکہے روا

کیا عدل اور داد و دہش اختیار ❊ کہ شہرت ہوئی اوسکی در ہر دیار

گئے بہول سب عدل نوشیروان ❊ کیا زیاد نے ایسا انصاف وہان

لکہا زیاد نے سوئے میر عرب ❊ کہ تابع ہوئے فارسی سب کے سب

خراج ولایت سبہون نے دیا ❊ نہ کوئی اطاعت سے باہر رہا

یہانکے صغیر و کبیر اے امیر ❊ سبہی آپکے ہینگے فرمان پذیر

ہوئے شاد اوس نامہ کو دیکہکر ❊ امیر عرب سرور نامور

لکہا زیاد کو مرحبا مرحبا ❊ ہوا کام تجہسے نمایان بڑا

رہے تجہسے راضی خدائے جہان ❊ جزا خیر کی دے تجہے مستعان

سن اکتیس کا جو کہ تہا ماجرا ❊ وہ اس داستان میں لکہا سب گیا

یورش کردن شامیان بر بلاد امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ و غارت کردن ایشان اکثر بلاد را

پہر اوتالیس آیا جو ہجرت کا سال ❊ ہوا معویہ کو یہ آیا خیال

بلادِ عجم کی اودہر جا بجا
کیا چاہتی یورش اب برملا

کہ مصروف ہووے علی مرتضی
حفاظت مین بس ملک کی جا بجا

نہ عازم ہو تسخیر کا شام کی
مقابل نہووے میرا وہ کبہی

ارادہ تہا پہلے سے اوسکا یہی
کرے سمت فارس کے لشکر کشی

سنا اوسنے احوال جب زیاد کا
کہ فارس پہ جاکر مسلط ہوا

رکہا عزم موقوف اوس سمت کا
دیا اور شہرونپہ لشکر چڑہا

چڑہا پہلے نعمان با دو ہزار
سواران آمادہ کارزار

جزیرہ پہ عین النہر شہر کے
وہانکا جو عامل تہا فرخندہ پے

خبر اوسنے حضرت علی کو یہ دی
کہ کی ہمت نعمان نے لشکر کشی

علی نے سران سپہ کو کہا
کوہی جاتی تم مین سے مرد خدا

بچا ہی جزیرہ کو نعمان سے
وہان اوسکو غالب وہ ہونے نہ دے

سران سپہ سنکی چپ ہو رہی
جزیرہ کے جانیسے یکسو رہی

جزیرہ کی حاکم کا مالک تہا نام
دلیر و جوانمرد با احتشام

قلیل آدمی اوسکی ہمراہ تہی
نہ وہ لڑسکا گرد نعمان سے

رہا ایک مہینہ تلک در حصار
اوسی فوج کوفہ کا تہا انتظار

مدد کوفہ سے جب نہ آئی وہان
تو باہر ہوا قلعہ سے وہ جوان

ہو ساتہہ اوسکے سو مرد پیکار جو
ہوا آگے نعمان سے وہ نبرد جو

لڑا شام تک اوس سے مردانہ جنگ | نہ لایا وہ جانباز یہاں کچھ درنگ
جزیرہ میں ایک مرد دیندار تہا | اوسے ربط مالک سے بسیار تہا
کمک اوسنے مالک کی کی در دغا | پچاس آدمی بہیج جنگ آزما
کہ شام شامل ہوے آنکر | لڑائی میں مالک کی باکر و فر
مدد آگئی جبکہ مالک کی پاس | تو نعمان ہوا اپنے دلمیں اداس
وہ سمجہا تعداد اونہیں بیشمار | گیا اونکو وہانسے ہوکر فرار
گیا معویہ پاس ہوکر فرار | ہوا مالک اوس جنگ میں کامگار
ازان بعد سفیان کو چہہ ہزار | ولی معویہ نے دلاور سوار
اوسے بہیجا ہیت اور انبار پر | کہا جا تو اون شہروں پر تاخت کر
تہا اشرس وہاں کار ولد علی | بہمت بلند و بدل بس قوی
تہی ہمراہ میں اوسکی چہہ سو سوار | گئی تین سو اوسے ہوکر فرار
جو باقی رہی تین سو مرد کار | تو لیکر اونہیں اشرس نامدار
ہوا آگے سفیان سے رزمخواہ | رکہا اپنی مردانگی کو نگاہ
بہت داد مردانگی اوسنے دی | نہ میدان سے خالی جگہہ اپنی کی
ولی کثرت اعدا سے چارہ نہ تہا | دی مردانہ جان اپنی جای وغا
ہوے کشتہ میدان میں سب ہمرہان | ہوا ملک سب غارت شامیان
امیر عرب کو یہہ پہونچی خبر | کہ کشتہ ہوا اشرس نامور

ہوا غارت انبار و ہیت تمام ‏ ‏ ہوئی غالب اوس ملک پر اہل شام
ہوئی سخت رنجیدہ سنکر یہ حال ‏ ‏ یہ تنبیہ سفیان وہ خوش خصال
ہوئی عازم ہیت انبار کی ‏ ‏ بذات خود آمادہ وہ نیک پی
لئی بار جو لشکر کوفہ کو ‏ ‏ لئی جاتی تھی جانب شام کو
سنانا تھا لشکر نے فرمان کو ‏ ‏ سپہ سے تہے رنجیدہ وہ نیک خو
سران سپہ نے جو دیکھا یہ حال ‏ ‏ کہ جاتے ہین تنہا شہ باکمال
کیا عرض سب نے کہ ای شاہ دین ‏ ‏ نہ جان آپ تنہائی رزم و کین
یہہ سب لشکر اور ہم ہین فرمانپذیر ‏ ‏ جسی چاہو بہیجو وہان ای امیر
توبہی سعد بن قیس کو با ہزار ‏ ‏ دلیران آمادۂ کارزار
روانہ کیا ہیت انبار کو ‏ ‏ کہ تا ہووے سفیان سی رزم جو
خبر سنتی ہی سعد بن قیس کے ‏ ‏ گیا بہاگ سفیان طرف شام کے
غرض کر کی اوس ملک کا انتظام ‏ ‏ سپہدار دین سعد فیروز کام
چلا آیا نزد شہ مومنان ‏ ‏ ہوا داخل کوفہ با ہمرہان
ازان بعد عبد اللہ بن مسعدہ ‏ ‏ چلا حسب فرمان خیل معویہ
سوی بادیہ شام تیا دیار ‏ ‏ ہوی ہمراہیان سناہت سواک ہزار
وہان آکی اموال صدقات کا ‏ ‏ وصول اوس علاقہ سی کچھ کیا
شہ دین نی جب یہ پائی خبر ‏ ‏ مسیب کو با لشکر کینہ ور

جو تعداد مین مرد تھی دو ہزار
روانہ کیا سوے تیما دیار

مسیب دلاور نے آکر وہان
کیا حملہ سخت بر شامیان

ہوا اولین تاخت مین فتحیاب
رہی شامیونکو نہ لڑنیکی تاب

وہ میدان سی بہاگے ہو کر تباہ
لیا شام کا اپنی در پیش راہ

گہُسا قلعہ مین جاکے بن مسعدہ
وہ سردار اونکا بلا یک تنہ

تن چند اور اوسکی ہمراہ مین
چہپا اپنی جا مین لگہنسی قلعہ مین

مسیب نے دی اگ اندر حصار
جلا اوسمین بن مسعدہ خام کار

تاختن ضحاک بربادیہ عرب و خراب کردنش منازل را و غارت کردن حجاج را و محروم ماندن اکثر مسلمانان از حج آن سال

ہوا اسال جبدم قریب اختتام
قریب آئی دن حج بیت الحرام

تو تیار کی معویہ نے سپاہ
تہی جسمین ہزارون بلا کینہ خواہ

کیا اوسکا سردار ضحاک کو
کہا اوسکو ای مرد پرخاش جو

عرب کی تو صحرا مین جاکر یہ کام
جو ہین منزلین بادیہ کی تمام

اونہین کردی ویران کر چاہ بند
محافظ کو صحرا کی پہونچا گزند

عرب جو ملی منزل راہ مین
اوسی قتل کر ڈال دی راہ مین

نہ حجاج کو مکہ جانے دی تو
یہ کہہ اوسنی کہ ای مرد نیکخو

نجاؤ تم اس سال بیت الحرام
کہ مکہ مین کوئی نہین ہی امام

کرو گر حج اب کسکے ہمراہ تم — یہ بہتر ہی گھر کو ہی پھر جاؤ تم
چلا گر ضحاک لیکر سپاہ — عرب کا کیا آکے مسدود راہ
مقام و منازل کو ویران کیا — محافظ کو صحرا کے بیجان کیا
کنوین راہ کی کردئی بند سب — ہزارون کئی قتل اہل عرب
کیا ثعلبہ کو بہی ویران تمام — لیا لوٹ حجاج کو لا کلام
شہ دین کو جب ملی یہ خبر — کہ ضحاک کرتا ہی ظلم و شرر
حجر کو کیا اوسکی جانب روا — بہرا ہئی چار ہزار از یلان
حجر نے جو کی تاخت ضحاک پر — کیا اوسکی لشکر کو زیر و زبر
نہ لایا وہ تاب نبرد حجر — طرف شام کی بہاگا وہ کینہ ور
سہ فرسخ حجر نے تعاقب کیا — ہزارونکو کشتہ و خستہ کیا
خراسانیان حج سی اس سالکی — بلا بہر د محروم یکسر رہی
جو بہاگا تہا ضحاک پیکار سی — کئی روز باقی رہی حج کو تہی
نہ گنجایش وقت تہی اسقدر — کہ حج سی ہون حجاج پہر بہرہ ور
ہزارون مسلما اس حج کی سال — رہی حج سی محروم بی قیل و قال
قریب آیا جب حج بیت الحرام — کیا معویہ نے مقرر امام
یزید ابن ضحرہ کو پہر حجاز — بہت اوسکو لشکر دیا کینہ ساز
دیا حکم یون اوسکو جا مکہ تو — امامت وہانکی لی ای نیک خو

کرا سب مسلمانون کو حج تمام
لی بیعت وہان سب سے از خاص عام

وہ آیا غرض لیکے مکہ سپاہ
برون شہر اوسنے کیا خیمہ گاہ

دیا اوسنے حجاج کو یہ پیام
مین آیا ہون ہوکر تمہارا امام

کرو آکے بیعت میرے ہاتھہ پر
کرے حج میرے ساتھہ ہر ایک بشر

کرو معٰویہ کی اطاعت قبول
کہ ہو تمکو انعام بیحد وصول

قثم ابن عباس جو تھا امیر
تھی مکہ مین سب اوسکی فرمان پذیر

کہا اوسنے مین ہون یہان کا امام
علی کی طرف سے ہر خاص و عام

تو ہے کون اور کسکا بہیجا ہے تو
جو دعوی امامت کا کرتا ہے تو

لڑا اوسنے تکرار باہم وہان
ہوے مستعد جنگ پر ہر دوان

دو جانب ہوئے لشکر آراستہ
بصحرای مکہ صف آراستہ

ہوئی جمع مکہ کے سردار سب
ہم اطراف مکہ کے اہل عرب

ہنر بد و قثم کو لڑائی سے باز
اونہون نے رکہا تا نہو کینہ ساز

دیا روکا وسکال کی حج سے بہی
اونہین کہ حرمت رہی کعبہ کی

نہ خونریزی خلق مکہ مین ہو
نگہہ رکہا بس عظمت کعبہ کو

کیا شیبہ ابن عثمان کو
عرب نے امام اپنا فرخندہ خو

کیا اوسکی ہمراہ حج کو ادا
مناسک کی ارکان لائے بجا

یہانتک کہ وہ سال پورا ہوا
ہوئی سال چالیس کی ابتدا

تاختن بشر بر حجاز و یمن و مکہ و مدینہ و بجبر بیعت کردن اہل عرب را

ہوا ابتدا سن چو چالیسواں ۔ کہ جس سال میں سرور مومناں
علی مرتضی شیر یزدان پاک ۔ بلند آفتاب ہدی تابناک
محب خدا سرور اتقیا ۔ امام زمان برتر از کبریا
چراغ شبستان صدق و صفا ۔ بہار گلستان جود و عطا
نگہدار دیوان عدل و کرم ۔ جوانمرد مردان عالی ہمم
در شہر علم محمد رسول ۔ ردائے سر و زوج پاک بتول
ز تیغ جفا ابن ملجم لعین ۔ شہید ہوکے پہونچے بخلد برین
ہوئی جبکہ اس سال کی ابتدا ۔ دلیل معویہ نے یہ فرمان دیا
بشر کو کہ اے مرد جنگ آزما ۔ سپہ لیکے تو سمت مکہ کو جا
مدینہ کو اور مکہ کو فتح کر ۔ حجاز و یمن کو بھی تسخیر کر
وہانکے ہیں جتنے صغیر و کبیر ۔ انہیں سب کو کر میرے فرمان پذیر
کرا سب سے اوسجا میں بیعت میرے ۔ وہاں کر دے قائم حکومت میرے
بشر لیکے ہمراہ ہیں تین ہزار ۔ سواران پرخاش جو مردکار
مدینہ میں آیا وہ لیکر سپاہ ۔ ہوا اوس سے کوئی نہ وہاں کینہ خواہ
لیا شہر لی جنگ و پیکار آ ۔ کھڑا ہوکے منبر پہ کہنے لگا
کروں تہہ پر بہیری بیعت سبھی ۔ کرو مسعویہ سے بکہ مسر کشی

جو پہیری میری حکم سے سرکوی
ہوئی تہی پہر اوسکو بیعت سبہی
لئی بہاگ وہ نشتر سو بسو
چہپا جاکے جابرؓ پیل نامور
کہا ام سلمہ نے جابرؓ سے یون
بچا قتل سے جملہ انصار کو
ابہی جاکے بیعت کو کر اختیار
پہنہان آن مادر مؤمنان
جو بہاگے تہے انصار عالی نژاد
بشر نے کیا قتل اوسکو شتاب
پس از بیعت جابرؓ نامور
مدینہ مین نایب کر اپنا مقرر
کیا آکے مکہ مین ہی وہ ہی کام
قثم ابن عباس دیکہہ اوسکا حال
ابو موسی ہی چہپ گیا بہاگ کر
تو اوسنی پکڑوا منگایا اوسی
تو کسواسطی پہرتا ہی بہاگتا

چہوڑونگا مین اوسکو زندہ کبہی
پہر انصار مین ہی نہ آیا کوئی
وہ گوشہ مین بیٹہے چہپا جان کو
ام المومنین ام سلمہ کی گہر
کراتا ہی اصحابؓ کو قتل کیون
مدینہ کی ہر ایک دیندار کو
بچا قتل سے خلق پروردگار
کری جاکے جابرؓ نے بیعت وہان
ملا اونمین سے جو کوئی پاکزاد
جلا کر کیا اوسکی گہر کو خراب
مدینہ سے مکہ مین آیا بشر
یل بوہیر کو وہ کینہ ور
کیا سب کو بیعت بجبر تمام
چہپا ایک گوشہ مین وہ خوشخصال
بشر کو ملی جبکہ اوسکی خبر
کہا اوس سے ای مرد فرخندہ
سب حکام و عمال سے یہ بتا

کہا بہاگتا ہون مین از خوف جان | مین گوشہ مین دیتا ہون جا تمکو آن
بجبر اوس سے لی بیعت معویا | کہا مجھکو فرمان ایسا ہوا
کہ اصحاب پیغمبری کو کبہو | نہ زنہار کچہو کہین قتل تو
تو دیتا ہون مین تجھکو جان سے امان | تو ہو مطمئن مت کر اب خوف جان
جو مکہ مین بیعت سے فارغ ہوا | بسر پہر یمن کو روانہ ہوا
علی کو بسر کی ملی جو خبر | تو حارث کو بالشکر پر ظفر
روانہ مدینہ کی جانب کیا | بسر کا مدینہ مین نایب جو تہا
گیا بہاگ وہ سنکے حارث کا حال | چہپا جا کی در دشتہا و جبال
مدینہ مین آیا جو حارث جوان | ہوئی اسکی محکوم خورد و کلان
جو بہاگی تہی انصار از خوف جان | مدینہ مین آئی وہ لیکے امان
حجازی و مکی و مدنی تمام | ہوئی تابع حارث نیکنام

آزردہ شدن امیر المومنین از قتل و غارت اہل عرب حجاج و بدلیت فرستادن بمعویہ و صلح و بیعت کردن معویہ از امیر المومنین رضی اللہ

جو عمال نے شام کی جابجا | فساد ایک عالم مین برپا کیا
ہزارون ہوئی قتل بل یقین | ہوئی غارت اموال و زر و زمین
علی کو ہوا سخت اس سے ملال | مسلمانو نپر رو نمودہ خوشحال
کیا آخرش ایک نامہ روان | سوی معویہ حاکم شامیان

یہ مضمون وس نامہ نامی کا تھا ‎ — ‎ سر نامہ پر لکھا نام خدا
ز سوے علی بندہ کبریا ‎ — ‎ سوی عامل شام آن بیحیا
سلام علیک و براہ یقین ‎ — ‎ جو ہمراہ تیری ہین از مومنین
مین تعریف کرتا ہون اللہ کی ‎ — ‎ جو ہی ایک جسکا نہ ساتھی کوئی
نہین کوئی معبود اوسکی سوا ‎ — ‎ ہمیشہ کو اوسکو لہے بقا
محمد رسول خدا پر درود ‎ — ‎ مین بہیجون لشکر بتشبا اونپر درود
بس اب جان ای عامل شام تو ‎ — ‎ کہ عمال مین ہانکو نام تو
صحابی پیمبر کا کیا تو نہین ‎ — ‎ لڑا راہ دین حق کی کیا تو نہین
نہین دیکھی کیا تو نی ای بی مہر ‎ — ‎ تو چشم رسول خدای جہان
کیا کام کیا تونے یہ اختیار ‎ — ‎ کہ ہی تجھسی مخلوق زار و نزار
کیا تیری عمال نے جا بجا ‎ — ‎ مسلمانونکو قتل بس بے خطا
لیا لوٹ حجاج و غربا کو سب ‎ — ‎ دی جان سی مار ہزارون عرب
دئی ساری انصار کی گہر جلا ‎ — ‎ دیا روک حجاج کو برملا
مناسک سی حج کی رہ کینہ سی ‎ — ‎ رکہا باز اوس رسم دیرینہ سی
کیا خلق پر ظلم بے انتہا ‎ — ‎ غریبونکو لوٹا بچا بجا
ڈر اب تو ڈرا اوس خدا پاک سی ‎ — ‎ فرازندۂ ہفت افلاک سی
نکر اہل اسلام پہ اب ستم ‎ — ‎ رہ راست سی رکھ نہ باہر قدم

کر انصاف اس ظلم سے باز آ — مسلمانوں کو اس قدر مت ستا
قیامت کو دنگو گیا بھول کیا — جو کرتا ہے جاری یہ رسم جفا
بروز جزا جب کہ پروردگار — کرے سب اعمال کی ایک شمار
دیے جائیں اعمال نامہ تمام — ہر ایک شخص کے ہاتھ میں لاکلام
تلیں سب کے اعمال میزان میں — چھپا حال ظاہر ہو ایک آن میں
ہر ایک سے حساب اوسکی اعمال کا — خداوند قہار لے پھر ملا
تو اوس وقت کیا مونہ دکھاویگا تو — خداوند قہار و جبار کو
ہوا اعمال کا جبکہ تجھسے حساب — تو کیا دیگا اوس وقت حق کو جواب
در توبہ ہے اب تلک تو کھلا — ہوا جب کہ مسدود پھر ہوئی کیا
خطا پر تو اپنی ہو اب شرمسار — بدرگاہ یزدان بصد انکسار
طلب مغفرت کر گناہوں سے تو — کہ ہو پاک ان سب جفاؤں سے تو
نہیں چاہتا ہوں میں اس بات کو — کہ جاری تیری رسم بیداد ہو
ہوں ناحق میں مقتول اہل یقین — فساد ہر طرف پھیلی بر عالمین
مسلمانوں کی گھر جلیں آگ سے — پھریں حاجی لشکر کے لیس ہو سے
غرض تیری لشکر کشی سے ہی کیا — سبب تجھے صاف لکھ اپنا سب مدعا
اگر تجھکو کینہ میری ساتھ ہے — تو یہ ایک آسان تر بات ہے
کہ تنہا ہوں تو مجھسے پیکار جو — جریدہ ہے میں تجھسے ہوں جنگجو
دیا قتل کر تو نے مجھکو اگر — تب [illegible]

اگر تونے میدان میں مارا تجھے — خلائق بچے غارت و ظلم سے
بچیں قتل سے جملہ اہل یقین — لڑکی دونو جانب سے بیکار کین
اگر صلح کی ہو تیری آرزو — تو لکھہ صاف مجھکو لعل زر نکو
کوئی صلح مین شرط ہووے اگر — تو اوس شرط سے مجھکو آگاہ کر
جو منظور ہونیکی قابل ہوئی — پذیرا کرون اوسکو مین باخوشی
اگر تو کرے صلح مین بہی کرون — لڑے تو اگر مجھسے مین بہی لڑون
تیری پاس گر تیغ ہے آبدار — میرے پاس موجود ہے ذوالفقار
جو رکہتا ہے تو صلح اور جنگ سے — مین عاری نہین دونو آہنگ سے
جو کچھ تجھکو منظور کرنا ہو کام — مجھے بہیج لکھکر سبہی والسلام
پڑہا معویہ نے جبہی اوس نامکو — اوٹہا کانپ دیکھہ اوسکی مضمون کو
ہدایت کا راہ اوسکو آیا نظر — ہوا اینکا دل مین پیدا اثر
خطا پر ہوا اپنی بس منفعل — بدرگاہ سبحان ہوکر خجل
گناہون نفسی کی اپنے توبہ تمام — رہ راست پر آیا وہ نیکنام
علی سے ہوا صلح کا خواستگار — کیا دور سب اپنے دلسے غبار
لکھا پاسخ نامہ مرتضیٰ — سر نامہ تھی جسکے حمد خدا

نامہ امیر معویہ بنام امیر المومنین ؓ

یہ مضمون ہے نامہ معویا — بسوئے علی سرور باصفا

سلام علیک ای امیر عرب
بقوم بزرگ و گرامی نسب

ہم ایمان تو از مومنین
بصد مرحبا و بصد آفرین

مین کرتا ہون اب حمد پروردگا
بزرگی و وہ احمد نامدار

فرازندۂ ہفت چرخ برین
برآرندۂ سبزہا از زمین

خرد بخش ہر عاقل و ہوشیار
روشن بخش فلاک انجم گذار

پذیرندۂ توبۂ مذنبین
فروزندۂ قلب اہل الیقین

منور کن چہرہ مہر و ماہ
نگہدار مردم ز دزد و سیاہ

وہی ہے سزاوار حمد و ثنا
شریک اوسکا کوئی نہین ہے وہ

سوا اوسکے معبود کوئی نہین
بغیر اوسکے مسجود کوئی نہین

ہزاران درود و ہزاران سلام
بروح محمد علیہ السلام

بحب دلی بھیجتا ہون مدام
بہت رحمتین اوسپہ ہر صبح و شام

تیرا نامہ ای سرور باصفا
ہدایت سی جو ہے سراسر بھرا

پڑہا مینے پائی ہدایت تمام
مضامین سے اوسکے ای نیکنام

خطاؤن سے سب اپنی نادم ہوا
جناب خدا مین بصد التجا

مین کرتا ہون توبہ نصوحہ خدا
کری عفو سب مجھسے سہو و خطا

جو پوچھا ہے تونے میری عزم کو
کہ لشکر کشی سی ہے کیا آرزو

یہہ ہی آرزو میری ای نیک پی
کہ یہ شام کا ملک باقی رہی

تصرف میں اور قبضہ میں سب کے
ہر ایک جا جو کی ملک شکستی
تو اپنی مستصرف ہو کام میں
محافظت کرے اس شہر و ملک تو
صلح کرنا تو منظور ہے
وہ شرط ہوا ای یل باصفا
رہے شہر تو قبضہ میں پہ بدام
نہ دن دخل پا ہر تیری شہر و زمین
یہ شرط منظور ہو وے تجھے
تیری ہاتھ پر آکے بیعت کروں
اور پھر سے تو اے سرور مسلمین
وہاں مل کے ہم تم میں ہو آشتی
نہ لگے کو تکرار باہم رہی
یہ ہو صلح منظور ای نیکنام
پڑھا مرتضیٰ نے جب اوس نامہ کو
جریدہ وہ آئی بموصل زمین
ہوا حاضر خدمت مرتضیٰ

تیری تا خط سے سب بچا ہی اگر
تو اوس سو غرض کس کی پھر ہو رہی
نہ آوی کبھی سرزمین شام تر
نہ ہو ہی کے آکر کے پر خاش جو
ولی ایک شرط او میرے تو زیر
کہ یہ ملک سب مصر اور شام کا
نہ دے دخل تو اوس میں ای شیر
تیری قبضہ و ملک میں سب پڑی
تو کرتا ہو یہیں صلح ای نیک پی
جریدہ میں ہو موصل زمین میں
چلا آ جریدہ بموصل زمین
چلیں دونو ہم تم رہ راستی
ہمیشہ کو بس صلح قائم رہے
تو کر اختیار اسکو لیجو ابھی
پذیرا کیا صلح اور شرط کو
یل معاویہ ہی جریدہ وہاں
بصد عجز تسلیم لایا عجب

ملے دونو اگر بہم سینہ ہو ‏ ‏ بذوق دلی دونو بے کینہ ہو
کری بیعت مرتضیٰ اختیار ‏ ‏ پل معویہ نے پس از روزگار
رکھا عامل شام اوسی برقرار ‏ ‏ ہمیشہ کو بہ مصر و شام دیار
ازان بعد وہ دونو گردن فراز ‏ ‏ پہری اپنے دارالامارت کو باز
پہلے آئے کوفہ مین شیر خدا ‏ ‏ پل معویہ شام آیا چلا
نہ پہر دونو باہم ہوئے جنگ جو ‏ ‏ چلے دونو جانب سوے صلح کو
ہوئی تاخت تاراج موقوف سب ‏ ‏ بچے قتل سے جملہ اہل عرب

تاختن بسر بر یمن و قتل کردنش ابنای صغیر سن عبیداللہ ابن عباس را

اب آگے کا بیان مختصر ‏ ‏ لکھا راویون نے ہے اسطور پہ
کہ مکہ سے وہ جب یمن مین گیا ‏ ‏ وہان ابن عباس عامل جو تھا
گیا بھاگ سنکر بسر کی خبر ‏ ‏ جو بیٹی تھی دو اوسکی لخت جگر
سپرد ایک شتربان کی کر گیا ‏ ‏ یمن چھوڑ کر بھاگ باہر گیا
یمن مین بسر جبکہ داخل ہوا ‏ ‏ کیی قتل بیرحم بہت جابجا
لیا اپنے قبضہ مین شہر یمن ‏ ‏ رہا دو پہر اوسمین شمشیرزن
تجسس مین تھا پھر ابن عباس کے ‏ ‏ ہوا وہ منادی کہ اوسنے دی
کہ لاؤ لاوے اوسکے اولاد کو ‏ ‏ بھلائی اگر چاہتے اپنی ہو
یمن مین ملا جب نہ اوسکا پتا ‏ ‏ تشدد سب اہل یمن پر کیا

کہا گھر مین سے گیا بہاگ کر / تو بیٹی ہین دو اوسکے لخت جگر

پکارا کہ میرے پاس لاؤ اونہین / اسیوقت مجہکو دکہاؤ اونہین یہا

ہنا چار لایا اونہین ساربان / کیا عرض اے سرور کامران

یہ لڑکی ہین سن مین نہایت صغیر / نظر رحم کی اپنے رکہیہ اے امیر

نہ آیا اوسے رحم اطفال پہ / کرائے جدا تیغ سے اونکی سر

بس یمن مین رہا حکمران / کئی ماہ تک شہر مین کامران

شہید ہوئے جب علی مرتضی / امام حسن ہوگئے اونکی جا

گیا معویہ پاس وہ شام کو / رہا ملک مین اوسکی وہ کینہ جو

اسے سال مین سرور مومنان / لیا ابن عباس سے بیگمان

ہوئی سخت ناراض وہ نامور / کیا جو کہ بصرہ مین اوسنے غدر

ناراض شدن امیر المومنین رضی اللہ عنہ از عبد اللہ ابن عباس

سبب اونکی ناراضی کا یہ ہوا / علی کا خلیفہ جو بصرہ مین تہا

ابوالاسود دیلمی نامور / علی کو لکہا اوسنے اسطور پر

کہ یا مرتضی سرور مومنان / خیانت کی عبد اللہ نے بیگمان

خزانہ مین اسلام کے ہاتہ ڈال / لیا اوسنے اوسمین سے کچہہ نکال

خیانت سنی ابن عباس کے / ہوئی خشمگین سخت مولی علی

لکہا ایک فرمان تہدید کا / سراسر ہدایت سی اوسکو بہرا

سوی ابن عباس بہیجا اوسی ۔۔۔ یہ مضمون تہا اوسکا ای نیک پی
تہی بسملہ نامہ کی عنوان پر ۔۔۔ تہا بعد اوسکے مضمون اسطرح پر
یہ نامہ ز سوے علی مرتضے ۔۔۔ جو ہیگا امیر اہل اسلام کا
سوی عامل بصرہ مرد گزین ۔۔۔ سلام علیک و بر آن مومنین
جو ہمراہ ہین اوسکی اہل صفا ۔۔۔ ہدایت پہ حق اونکو رکہی سدا
مین کرتا ہون تعریف اللہ کی ۔۔۔ نہین مثل جسکے جہان مین کوی
نہین کوی معبود اوسکے سوا ۔۔۔ نہین کوی مقصود اسکے سوا
ہدایت کری جسکو چاہی وہی ۔۔۔ ضلالت بہی دی جسکو چاہے وہی
نہین اوسکا کوی شریک و سہیم ۔۔۔ کہ ہی ذات اوسکی غفور الرحیم
درود و سلام اور ہزار آفرین ۔۔۔ بروح محمد رسول امین
بصد جا بہیجتا ہون مدام ۔۔۔ بصد قلب و دل روز و شب صبح و شام
بس اب ہان ای عامل بصرہ تو ۔۔۔ کری تو نے کیون یہ خیانت کہو
خزانہ سی اسلام کی تو نے زر ۔۔۔ نکالا ہی کیون ہاتہ کو ڈال کر
اگر یا بہول کیا تو خدا پاک کو ۔۔۔ بلندی دہ ہفت افلاک کی
قیامت کو جب ہوے گا تجہسے حساب ۔۔۔ خدا کو تو کیا دیگا اسکا جواب
بس اب ڈر خداوند قہار سی ۔۔۔ حلیم و توانا و جبار سے
کر اب توبہ درگاہ یزدان مین تو ۔۔۔ ہو خائن و مذہب ترش و

خزانہ مین تھا جسقدر مال و زر
لیا ہو جو کچھ تونے اوسکو نکال
کریگا جو اس امر مین کوتہی
مناسب ہے بیشک تجھکو اے نامور
بہت اسمین تاکید تو جان لے
لکھی کی موافق عمل اور کام
پڑا عامل بصرہ نے نامہ جب
کیا اوسنی بصرہ سے عزم فرار
لکھا مرتضے کو کہ ای شاہ دین
جسے چاہو حاکم مقرر کرو
مین چاہتا ہون یہانسی کسی اور جا
سوی مرتضے کرکے یہ نامہ روان
خزانہ سی جو زر لیا تھا نکال
قریشی کئی بیس مرد اوسکی ساتھ
چلی جانیسی اوسکے سالار دین
علی کو اسی سال مین چھوڑ کر
گیا شام مین معویہ کے قرین

حساب اوسکا سمجھا مجھے سر بسر
اوسی ہاتھہ سے اپنی اوسمین ہی ڈال
تو مین تجھکو دونگا سزا اینٹ کی
کہ کردی تو پورا خزانہ کا زر
امانت دیانت کو پہچان لی
تو کر اختیار اوسکو بس والسلام
اوڑی ہوش اسکی تو یکلخت
ہوی طمع مال و زر آبدار
حکومت نہین بصرہ کی کرتا نہین
میری جا بہ ای سرور نیک خو
مجھے ہر جگہہ رزق دیگا خدا
گیا بصرہ سے سوی مکہ روان
گیا لیکے ہمراہ اپنے وہ مال
زر و مال سب لیکے ہاتھون تہہ
ہوی جو دلمین بس سخت اندوہ گہن
عقیل ابن ابوطالب نامور
ہوی مرتضے اوسکی اوپر دگہن

ہوئے آبدیدہ علی نامور
کہ بھائی بھی مجھکو گیا چھوڑ کر

بہت صدمے اس سن کے اندر ہوئے
شہ دین کو جو ہوئی پے بہ پے

یہانتک کہ اونکو شہادت ہوئے
اسی سال مین با سعادت ہوئے

مہینا تہا رمضان اس سال کا
تہا تاریخ سترہ کا جو ابتدا

کہ مجروح ہو تیغ بیداد سے
اوسی روز جنت مین وہ جا

پلا ساقیا وہ سعادت کا جام
کہ جس سے شہادت پہ ہو اختتام

جسے پیکے مین شادمانی کرون
پس مرگ بہی زندگانی کرون

ذکر شہادت امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ از دست عبد الرحمن بن ملجم لعین

عرب کے جو تھے عاقل و ہوشیار
موجب ہمایون سوانح نگار

رقم کرتے ہین یون بصدق مقال
علی مرتضی کی شہادت کا حال

کہ تہا ابتدا سال چالیس کا
خوارج نے باہم کیا مشورا

تہے تین آدمی سنگدل تند خو
پہر کر دین سے خارجی ترش رو

تہا اونمین سے ایک ابن ملجم لعین
وہ تہا مصر کا اصل مین بالیقین

وہ تہا شامل قتل عثمان غنی
خوارج مین پہر آگیا تہا شقی

مبارک بن عبد اللہ تہا دوسرا
تہا عمر ابن ابی بکر جو تیسرا

یہ تینون شقی ملکے تہے ایک رئے
درون مسجد کوفہ دلفروز

بظاہر تھی وہ شامل مسلمین
مسلمانوں سے رکھتے تھے دلین کین

وہ آپس مین کرتے تھے کلام
نہین کوئی دنیا مین ہے اب امام

خدا پاک کا حکم ہے سر بسر
نہین قابل حکم کوئی بشر

جو شامل تھے حکمین مین مومنین
ہوئے خارج اسلام سے بالیقین

ہوئے سب وہ گمراہ دین سے پھرے
سیاہ دل شیاطین سے سب بھرے

بہت سخت باتین علی کو کہین
کہ آ سکتی تحریر مین وہ نہین

وہ جنگ نہروان کو کرکے یاد
بہت روئے تینون شقی نامراد

لگے کہنے یون کاش وس جنگ مین
اگر ہوتا کچھ قابو حاصل ہمین

تو کرتے مدد اپنے اخوان کی
حفاظت مین اونکی زر و جان کی

بدل کرتے کوشش نہ لاتے درنگ
علی کے مقابل ہو کرتے وہ جنگ

کہ موہنہ پھیر جاتی سب اوسکی سپاہ
بحال پریشان و زار و تباہ

کہا ابن ملجم نے اے بھائیو
اگر دونو تم متفق مجھسے ہو

تو قتل علی معویہ عمر عاص
بآسانی ہو سکتا ہے وقت خاص

اگر قتل ہوجائین تینون امیر
تو عالم ہمارا ہو فرمان پذیر

بہت سہل تر ہو سکے ہے یہ کام
مری رائے پر گر چلو تم تمام

کرون ایسی تدبیر آسان تر
اوڑین جس سے تینون امیرونکے سر

جدی ہون جو تینون امیرونکے سر
تو ہم اس جہان مین بفتح و ظفر

ہر ایک ملک پر حکمرانی کرین
کرین جاری عالم مین حکم خدا
بہری ہین جو قرآن اور دین سے
منافق جو ہین مسلمین مین نہان
وہ بولا دہ کینا ایسی تدبیر سے
کہا ہی یہ تدبیر اے بہائیو
کہ تنہا یہ تینون امیر آن کر
مساجد کی محراب مین جو مدام
وہی وقت تینونکی ہی قتل کا
یہان پہر قتل علی مرتضیٰ
چلا جائی تم مین سی ایک شام کو
سوئی مصر جاوے چلا دوسرا
کرین ایک تاریخ مین تینون کار
جو کوفہ سی ہین مصر اور شام دور
ہوا اس کام کی ایک مدت مقرر
ہی مدت کا تخمینہ رمضان کا
بتاریخ سترہ بماہ صیام

بعیش و طرب زندگانی کرین
رہ راست پر آوی خلق خدا
الگ ہوگئی رسم و آئین سی
مٹی سبکا عالم نام مین نام و نشان
کہ جس سے ہون مقصود حاصل تمام
اوسی دل سے تم غور کرکے سنو
نماز اپنی پڑہتی ہین وقت سحر
امامت وہ کرتی ہین برخاص و عام
سر اونکی باسانی ہووین جدا
یہی کافی ہون تنہا کرون بر علی
کری قتل وہ عامل شام کو
کری عمر بن عاص کا سر جدا
کہ تینون امیرونکا لین سر اوتار
بہت منتر ہون تجہر کا ہی یہ بول
کہ تم دونو جا پہونچو اوسجا پر
پہونچ جاؤ گے تم وہان بر ملا
بوقت سحر تم کرو وہان یہ کام

یہان مین کرون کام اپنا مقرر
وہ بولے یہہ تدبیر ہے خوبتر
کیا ہم نے منظور اس کام کو
یہہ کہکر ہوے مستعد قتل پر
دی تلوارونکو آب ہی زہر سے
مبارک روانہ ہوا شام کو
رہا کوفہ مین ابن ملجم لعین
مہینا ہوا جب کہ رمضان کا
بدل مستعد اپنے اس کام پر
شب ہفدہ کو وہ رمضان کی
کیا حملہ تینون نے وقت سحر
کیا معاویہ پر مبارک نے وار
مسلمانون نے دیکھہ یہہ ماجرا
اوٹھا غافل شام مجروح کو
دیا داغ لوہے کا اوس زخم کو
مبارک کو معاویہ پاس لا
کہا معاویہ نے کہ اے مرد نام

علی مرتضی کا اوتار دین
پسند آئی سبکو یہہ اے نامور
ابہی جاتے ہین مصر اور شام کو
اسی کام پر باندہو اپنی کمر
او سیدم بہرے غصہ و قہر سے
گیا مصر کو عمر پر خارش جو
پے قتل شاہنشہ مومنین
ہوے تینون خارجی پر دغا
شقاوت لگاوت پہ باندی کمر
مساجد مین چہپ بیٹھے تینون لعین
امیرونپہ تینون ہوے خارجی
بچا سعد ولی گذرا بازو کی پار
گرفتار اونکو اوسی دم کیا
محل کیطرف لیگئے چار ہو
اثر زہر کا دفع تا اوس سے ہو
کیا سامہنے دست بستہ کہڑا
کیا کام کسکیلیے تو نے یہہ کام

کہا تین ہم مرد ہین کینہ ور ۔ ہوا مشورہ ہم مین بایکدگر
کرین قتل تینون امیرونکو ہم ۔ بوقت سحر انگیدن ایک دم
کیا مینی تجھسے یہان پر یہ کار ۔ گیا میرا افسوس خالی ہو وار
کیا ہوگا اوس دوسرے نے یہ کام ۔ بن عمر سے مصر مین لا کلام
رہا کوفہ مین تیسرا جو کہ تن ۔ علی پر ہوا ہوگا شمشیر زن
بن معویہ نے یہہ فرمان دیا ۔ کرولنگے تن سے سر اسکا جدا
مبارک ہوا قتل ناکام ہو ۔ صحت ہوگئی عامل شام کو
بجا زخم اور قتل سے عمر عاص ۔ نہ آیا وہ اوس روز مسجد مین خارج
ہوا اوسکو تہا درد قولنج کا ۔ تو اوسکا نہ مسجد مین آنا ہوا
امامت کو جو خارجہ آیا تہا ۔ وہ بن عاص کی جا یہ مارا گیا
جو تہا عمر قاتل وہ پکڑا گیا ۔ جو مضبوط رسیونسے جکڑا گیا
اوسی لای بن عاص کے سامنے ۔ کہا اوس سے یون عمرو بن عاص نے
کیا تو نے کیون قتل اس مردکو ۔ کہا مین ہون قاتل تیرا کینہ جو
تجہے قتل کرنیکو آیا تہا مین ۔ یہہ تلوار زہر آب لایا تہا مین
سمجہکر مین مسجد مین تجہکو امام ۔ کیا وار لیکن نہ بر آیا کام
ہوا قتل یہہ دوسیر انسیری جہا ۔ میری ہاتہ سے حیف تو بچ رہا
دیا حکم بن عاص نے قتل کا ۔ اوسی مصر مین وہ بہی مارا گیا

رہا تیسرا ابن ملجم لعین / جو کوفہ کے اندر رہا جانشین
بنی کندہ نام ایک محلہ کا تہا / خوارج کا کوفہ کو مسکن وہ تہا
اوسمین تہا ایک ابن ملجم کا گہر / وہ تہا دشمن جان علی نامور
خوارج تھے ہمسایہ اوسکی سبہی / علی سی وہ رکہتی تہی سب دشمنی
سبب دشمنی کا تہا اونکی یہی / کہ اونمین سے جو سیکڑون آدمی
بجنگ نہروان تھی ماری گئی / بحکم علی سرور دین کے
تھی ایک عورت اونمین نہایت حسین / گل اندام وسیمین بر ومہ جبین
تھی مشہور قطام کی نام سے / وہ قطامہ کینہ ور زشت پے
ہوی قتل تہی اوسکی کینہ کو مرد / جو مردانگی مین وے تہی اپنی فرد
تعداد بارہ جوان خارجی / بجنگ نہروان بحکم علی
علی سی وہ رکہتی تہی بغض وعناد / خرافات سی اونکو کرتی تہی یاد
ہوا ابن ملجم کے دل پر اثر / محبت کا قطام کی بیشتر
ہوا اوس سی وہ عقد کا خواستگار / تو کی زن نی کابین مین شرط چار
کہا میرا کابین جو کوئی دی / وہی وصل سی بہرہ ور ہو میری
جو کوی درم مجہکو دی تین ہزار / غلام اور کنیزک جو ہون ہوشیار
علی مرتضی کا بہی لاوی وہ سر / بجا لاوے چارون ہی شرطین اگر
کراونمین عقد اپنا اوسسے ضرور / وگرنہ رہون عقد سی دور دور

کہا ابن ملجم نے منظور سب
بآسانی کر سکتا ہون مین ادا
کہا اوسنے ای مرد جنگ آزما
کہا چھپ کی بیٹھونگا مین رات کو
علی آئیگا جب بوقت سحر
اندھیرے مین تیغ سے کردونگا مار
تیری پاس پھر اوسکو لاونگا مین
کہا اوس سے قطام نے ای جوان
برآویگی اس سی تیری آرزو
معاون ہی لی اپنی دو مرد تو
علی سی بدل رکھتی ہین دشمنی
ہی ایک اونمین وردا مرد دلیر
وہ شبیب دلاور ہی جو دوسرا
وہ دونون ہین حامی دیار ہون
ملاونگی لا کر اونہین تجھسے ہی
غرض دونونکو لا ملایا اوسی
کیا عہد تینون نے ملکر بہم

کہا تیرا کام مین ای غنچہ لب
مہینے مین رمضان کی آئی یہ تھا
علی کا تو سر کسطرح لائیگا
علی کی ہی مسجد مین ای خوبرو
امامت کو مسجد مین تنہا ہو کر
سر اوسکا جدا تن سی ہوگا او تار
غرض اپنی سب تجھسی پاونگا مین
یہ تدبیر عمدہ ہی رکھہ تو نہان
اکیلا وی کر نہ اس کام کو
جو ہین مرد جنگ آور و کینہ جو
کہ پیاسے ہین خون علی کو وہی
لڑائی کی جنگل کا ہی نرہ شیر
وہ ہی مرد میدان کارزار آزما
دل و جان سی بس مددگار ہون
رکھہ اس راز کو دل مین یا تو خفی
بہت مکر و دھوکہ سکھایا اوسی
کرین ملکی سر کو علی کے قلم

کرے یا وری ایک کی دوسرا
گیا ایک کا وار خالی اگر
کری تیسرا یاوری دونونکو
ہوی متفق تینون اسبات پر
شب ہفدہ آئی جو رمضان کی
جریدہ علی جبکہ آئی وہان
علی پر کیا پہلی شبیب نے وار
زسوی دگر ابن ملجم لعین
کیا وار پور از راہ جفا
کہ سبقت سے تیغ سر پر پڑی
کہ ملعون نے مار ڈالا جسے
مسلمان دوڑی ہر ایک سمت سے
وہ وردان و شبیب گئی بہاگ کر
گرفتار ہوا ابن ملجم لعین
بسوی قصر گریان با درد و آہ
کہا مرتضی نے با ہل صفا
کرو حمزہ کو اپنے آگے امام

نہ مونہہ پہیری وا اسکا مہ سے تلپیلا
کری دوسرا اور جون شہ شیر
ہو تینونکا حملہ بیکبار گی
ارادہ پر اپنے کمر باندہ کر
تو مسجد مین جا بیٹھی تینون شقی
اوٹہی تینون یکبار حملہ کنان
ولیکن گیا خالی اور نابکار
ہوا حملہ آور علی پر زہین
پڑی تیغ بر پہلوی قنفذی
علی نے پکارا کہ پکڑو کوئی
اسیدم گرفتار کر لو اسی
پکڑ کرکے رسی سی باندہا اوسی
بچا جان کو جا گہسے اپنی گہر
علی کو اوٹہا لیگئے مومنین
محل مین لٹایا باآہ و نگاہ
پڑہو تم نماز اسی مسجد مین جا
کرو اقتدا اوسکے پیچہے تمام

مسلمان مسجد مین پهر نماز — گئی رہ گئے مرتضے پاکباز
بلا کر کہا ابن ملجم سے یون — کیا تونے هی قتل اب مجهکو کیون
کہا خون تیرا سمجهکر حلال — کیا مینے یهہ کام بے قیل و قال
بہت خون ناحق جو تونے کئی — کہ جس سے تو بس واجب القتل هی
حسن کو دیا حکم کہ ای نور عین — رکہو ابن ملجم کو تم قید مین
جو دنیا سے ہو جائے میرا سفر — تو ملعون کا تم اوڑا دیجو سر
جو باقی رہی ہو گی کچهہ زندگی — صحت پا کے اس زخم سے مین ابهی
اسے دونگا تعزیر شرعی ضرور — حراست مین اسکو نه لاو قصور
حسن نے بحکم شہ ارجمند — کیا ابن ملجم کو زندان مین بند
مسلمان ادا کر چکے جب نماز — بدرگاہ حق با خشوع و نیاز
سب آئے حضور علی مرتضے — کرین چارہ کچهہ تا کہ اوس حضرت کو
جو تہا زخم کاری وہ اور لا دوا — ہوئے دیکهہ مایوس اہل صفا
علی نے سبہونکو وصیت یہ کی — کہ ڈرتے رہو تم خدا سے سبهی
کرو وقت سختی کی صبر اختیار — طلب مغفرت رکہو از کردگار
کیا غرض سب نے کہ ای نیک پی — کرین بیعت ہم بعد مین آپکی
امام حسن سے جو ہین متقی — پسر آپ کے اور سبط نبی
یہہ فرمایا بہتر سمجهکر سبهی — کرو وہ جو ہو دین کی بہتری

ہین مشغول ہون اپنی ہی کام مین | یہ نیکی ہی مع الخیر انجام مین

نہین اپنی طرف سی نہین بولتا | کچھہ اس امر مین ای گروہ صفا

نہین ہے سب اسکام کا اختیار | دعا کا ہون مین تم سے امیدوار

مرا وقت اب آخری آگیا | لو میر اسلام ای گروہ صفا

یہہ فرماکی کی بند اپنی زبان | ہوئی کلمہ توحید سے دُرفشان

مکرر سہ کرر پڑہا کلمہ کو | یکایک روانہ ہوئے خلد کو

ہوئی روح پاک اونکی تن سی جدا | کیا اونے آرام جنت مین جا

بہشت رحمتین تا بروز شمار | خدا کی رہین اونپہ لیل و نہار

رہی اونکی قاتل پہ لعنت سدا | ہو دونو جہان مین ملامت سدا

کیا ایک راوی نے یون ہی رقم | کہ وہ زخم کہا کر علی محترم

رہی زندہ دو روز تک بیگمان | بروز سیوم دی حق مین جان

شہ دین نے جب کیا انتقال | مسلمانون پر سخت گذرا ملال

پس از گریہ و نالہ رنج و بکا | کیا فکر تجہیز و تکفین کا

دیا غسل حسنین نے آپکو | پنہایا کفن اوس تن پاک کو

ادا کی جنازہ کے اوپر نماز | حسن نے امامت کری با نیاز

کیا دفن پہر اوس تن پاک کو | حوالہ کیا کوفہ کی خاک کو

خوارج سے جو دل مین یہ خوف تہا | مبادا جنازہ نکالین وہ آ

دردن قصر ظاہر مین قبر شریف
ولی را انکو خفیہ تابوت کو
لیکہ وہ نجف دفن اوس جا کیا
نجف اشرف اسی سے روز اوسکا نام
ہوئی جمعہ کو دن وفات شریف
تھی تاریخ اوس ماہ کی ستر ہوین
خلافت کی مدت رہی پانچ سال
پس از دفن میر عرب با صفا
ہوئی بیعت اہل صفا آن کر
خلافت کی مسند پہ ہو جلوہ گر
پکڑ لاوا اب ابن ملجم کو یہان
بحکم خلیفہ مسلمان اوسے
کیا سامنے لا کے اوسکو کھڑا
بُری حال سے قتل اوسکو کیا
دیا پہلے ہاتھو نکو اوسکے تراش
گرم کر سلائی دی آنکھوں میں ڈال
کیا سر کو پہر اوسکو تن سے جدا
بنائی بہت اونچی از بس لطیف
گئی لیگئے حسنین فرخندہ خو
چھپا کر خوارج سے جسم صفا
ہوا اندر اہل صفف انکا نام
مہینا تہا رمضان پاک و لطیف
سن ہجری چالیس تہا با یقین
مہینے ہوئی تین کم زین مقال
ستہ شہنشاہ مردان علی مرتضیٰ
امام حسن کی عدد پاک پر
حسن نے دیا حکم اسطور پر
جو ہی قاتل سرور مومنان
گرفتار کر لاے زندان سے
ہوا حکم اوسکے لئی قتل کا
مسلمانون نے کو فہ مین بر ملا
کئی قطع پہر پاون ہی دی خراش
زبان کو بھی دی کاٹ بی قیل و قال
دیا لاش کو آگ مین پہر جلا

رہیو ابن ملجم پہ قہر خدا
بروح علی مرتضیٰ باصفا
تھی عمر شریف علی مرتضیٰ
تریسٹھ برس کی تھی عمر آپ کی
لکھا ہے تلمیذ نے کہ عمر علی
ہوا اور یوں میں یہاں اختلاف
کیا بعض نے اسطرح پر رقم
امام حسین اپنے ہمراہ سے لے
کیا دفن تابوت کو بس وہاں
وہی قول سچ ہے جو اول لکھا
وہی ہے زیارتگہ خاص و عام

دم مرگ سے تا بروز جزا
او تری رہی رحمت حق سدا
لکھا ایک راوی نے یوں برملا
لکھا دوسرے کی کبہ پینسٹھ کی تھی
تھی اٹھاون برس کی نہ کم زیادہ
علیم اسکا اللہ ہے بالصواب
کہ تابوت پاک شہ محترم
حفاظت سے لیکر مدینے گئے
بر مرقد فاطمہ بیگمان
نجف اشرف میں مرقد مرتضیٰ
وہیں دفن ہیں مرتضیٰ نیکنام

تمتہ کتاب بشکر خدا کے وہاب و دعا حاجات بدرگاہ
قاضی الحاجات

میں کرتا ہوں شکر اب خدا کا ادا
کہ دی نیک توفیق اسکام کی
لکھا میں نے حال خلافت علی
کیا نظم اسکو باردو زبان

کیا اوسنے احسان مجھپر بڑا
مجھے حسن آغاز و انجام سے
کتب معتبر سے لیا ہے سبھی
جسنے پڑھ کے خوش ہووین خواندگان

جو کوئی پڑہے یہہ گرامی کتاب　　وہ ہو خیر دارین سے کامیاب
یہی پڑہنے والونسے اب التجا　　مین رکہتا ہون جو نظم مین ہو خطا
دہین اصلاح اوسکو ڈہکین عیب کو　　نہوون نظم مین وہ میرے عیب جو
سمجہہ لیوین اسکو کہ انسان ہے　　مرکب خطا اور نسیان سے
مجہے یاد رکہین دعامین سدا　　خدا سے میری چاہین عفو خطا
ہوئی ختم جب یہ گرامی کتاب　　سن ہجرت آن رسالت مآب
تہی تیرہ سو چہہ اور مہینا رجب　　فراغت ہوئی نظم سے مجہکو سب
حسن کر تو اب اپنی ختم کلام سخن　　دعا پر بدرگاہ حق اختتام ذو المنن
عنان روک اب توسن خامہ کی　　زبان روک تقریر سے نامہ کی
خموشی سے اسوقت ہو بہرہ ور　　نہ دیگر طول نامہ تو بس ختم کر
بنام خدا ختم کر یہہ کتاب　　کہ اعلم ترا اللہ ہے بالصواب
الٰہی ترا شکر کیونکر ادا　　کرونمین جو احسان تونے کیا
کہ دے مجہکو توفیق اسکام کی　　زبس نیک آغاز و انجام کی
لیا نیک کام اس گنہگار سے　　سیہ رو مجرم و عاصی خطادار سے
میرے تن کا ہر مو اگر ہو زبان　　ہر ایک مو سے ہو شکر مین تر زبان
تیرا شکر جب بہی نہووے ادا　　وہ انعام تونے ہے مجہہ پہ کیا
جو دی تو نے توفیق اسکام کی　　مجہی اور لیا مجہسے ایکبار گی

کچھ کارنمایان و حسن عمل — جو خالی ہوا از کذب و مکر و دغل

تو ہی اسکو مقبول کر اے کریم — ز اکرام خود اور بفضل عمیم

پسند خلائق کر اس نامہ کو — کچھ برکت عطا کر میری خامہ کو

الٰہی نامہ کو تجھسے مقبول کر — مسلما تو ہین اسکو مشہور کر

بحق امیر گروہ یقین — امام زمن افضل متقین

سر فرق تاج سر اولیای جہان — اخی مصطفی مقتدا اسے زمان

ہمایون در بحر لطف الہ — شہنشاہ اسلام عالم پناہ

گرامی سواری بمیدان علم — باخلاق گنجینہ و کان حلم

شہ با دل و ناصرین پاک — بصیرت دہ دیدۂ اہل خاک

منور کن دیدہ مسلمین — بکحل صفا و بنور یقین

زبار نگہ اولیائے کرام — شفاعت کن مجرم مستہام

ہمان زوج زہرا بنت نبی — کہ مولائے این امت آن صفی

علی مرتضی آنکہ شیر خدا — لقب یافت از سرور انبیا

میرے عفو کر جرم و عصیان سبھی — چھوڑا مجھسے یہ سہو و نسیان سبھی

میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کر — بنور یقین مجھکو کر بہرہ ور

ہدایت کر اب راہ سید مجھے — دہی منزل پہ مقصد کی پہنچا

و مہر کہ [illegible] توحید [illegible] — [illegible]

تیری نام پر خاتمہ ہو میرا | میری دل سے سب دور ہو ویں [illegible]
سعادت کا وہ جام مجھکو پلا | کہ جس سے ملے مجھکو تیری [illegible]
شریعت کی سیڑہی چڑہا دے مجھی | طریقت کا رستہ چلا دے مجھی
حقیقت کی منزل پہ پہونچا مجھی | جمال اپنا ایکبار دکھلا مجھی
سبھی مشکلین میری آسان کر | نہ بھٹکا پھرا مجھکو تو در بدر
رکھ اپنی ہی دروازہ پر ای کریم | ہر ایک در سی مجھکو بچا ای رحیم
تو بر لا میرے جملہ حاجات کو | بہت دور رکھ مجھسے آفات کو
بچا مجھکو شر لے شیطان سے | جہان سی اوٹھا مجھکو ایمان سے
علی کا دیا میں نے جو واسطہ | تو برکت سی اس نام کی ایخدا
اجابت کو پہونچا پہ میری دعا | تو ہر ایک آفت سی مجھکو بچا
میری اہل و ال اور ماں باپ کو | سب اخوان و اخوات و لجد [illegible]
سبھی اوستاد ونکو احباب کو | اقارب کو اور جملہ اصحاب کو
طریقت کی پیران عظام کو | میری جملہ عمات و اعمام کو
جو ہوں پڑہنے والے علی نامہ کے | صفت کرنیوالی میری خامہ کو
سبھو نکو جو ہیں مسلمین مسلمات | دہی نار جہنم سے اونکو نجات
کرم اپنے سے بخشدے ای کریم | تیری ذات ہی بس غفور الرحیم
شد کتاب [illegible] تمام [illegible] | تیرے نام پر [illegible]